ہدایات :

۱) ہر جواب سے پہلے متعلقہ سوال ضرور لکھیں۔

۲) ہر جواب نئے صفحے سے شروع کریں۔

سوال نمبر ۱۔ اردو نظم کے بدلتے موضوعات کا محاسبہ کیجیے۔ (20)

یا

اردو نظم کے فن پر اپنی معلومات کا جائزہ لیجیے۔

سوال نمبر ۲۔ اردو نظم نگاری کے ارتقا میں ترقی پسند تحریک کس طرح اثر انداز ہوئی؟ مفصل نوٹ لکھیے۔ (20)

یا

"اردو نظم کے آغاز و ارتقا میں انجمنِ پنجاب کا بھی نا قابلِ فراموش کردار رہا ہے۔" تفصیلی گفتگو کیجیے۔

سوال نمبر ۳۔ اردو نظم میں اختر الایمان کے مقام کا جائزہ لیجیے۔ (20)

یا

اختر الایمان کی سوانح و شخصیت پر گفتگو کیجیے۔

سوال نمبر ۴۔ خلیل الرحمٰن اعظمی کے عہد پر روشنی ڈالیے اور ان کی ادبی خدمات پر گفتگو کیجیے۔ (20)

یا

نظم کے حوالے سے خلیل الرحمٰن اعظمی کے فن پر گفتگو کیجیے۔

سوال نمبر ۵۔ (الف) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظم کا تجزیہ پیش کیجیے۔ (10)

۱۔ ایک لڑکا ۲۔ میں گوتم نہیں ہوں ۳۔ یاد

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کوئی دو بند کی تشریح سیاق و سباق کے حوالے سے کیجیے۔ (10)

۱۔ خداوند! مجھے اُن کی رفاقت دے

جنھیں رہتا ہے پچھتاوا

کہ جیسی زندگی کی اِس سے بہتر کیوں نہ کر پائے

X0279Y784F45X0279Y784F45X0279Y784F45X0279Y784F45

مجھے اُن کی جسارت دے
جو اپنے نفس کے خادم نہیں ہوتے
برائی کو برائی کہہ کے جیتے ہیں

۲۔ خدا کہہ کر ہر اک شے پوجتا ہوں جز خدا کے میں
مجھے توفیق دے سجدوں کے معنی کچھ سمجھ پاؤں
مرے قرطاس کو ایسی عبارت دے
جو دن پر دن
جَلی ہوتی چلی جاتے

۳۔ یوں تو کہنے کی نہیں بات مگر کہتا ہوں
پیار کا نام کتابوں میں لکھا دیکھا ہے
جب کبھی ہاتھ بڑھایا ہے کسی کی جانب
فاصلہ اور بھی کچھ بڑھتا ہوا دیکھا ہے

☆☆☆